15.07.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........... ارجمند علی خاں

Music

------------------------------

☆ بھارت نے سماجی فروغ کے 4 پروجیکٹوں پر عمل درآمد کے لیے مارشل جزائر کے ساتھ مفاہمت نامے پر دستخط کئے ہیں۔

☆ کے پی شرما اولی کو نیپال کے نئے وزیر اعظم کی حیثیت سے حلف دلایا گیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے چوتھی مدت کیلئے عہدہ سنبھالنے پر انہیں مبارکباد پیش کی ہے۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے آسام، گجرات اور اترپردیش میں سیلاب کی صورتحال کے بارے میں اِن ریاستوں کے وزراء اعلیٰ سے فون پر بات کی ہے۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے آج اتراکھنڈ، مشرقی اترپردیش، مشرقی راجستھان، ہریانہ اور دلی میں کہیں کہیں تیز بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔

☆ اور فٹبال میں: امریکہ میں **Miami** میں ارجنٹینا نے کولمبیا کو ایک-صفر سے ہراکر **Copa America** چمپئن شپ جیت لی ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

JAISHANKAR MARSHALL ISLAND

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج کہا ہے کہ بھارت اور مارشل جزیروں کے درمیان دوستانہ دوطرفہ

تعلقات کی ایک طویل تاریخ ہے جو برسہا برس پر محیط ہے۔ مارشل جزیروں میں سماجی ترقی کے چار پروجیکٹوں پر عمل درآمد کیلئے مفاہمت ناموں پر دستخط کئے جانے کے موقعے پر ایک پیغام دیتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بحرالکاہل میں جزائر کوئی چھوٹے جزائر نہیں ہیں بلکہ یہ بڑے سمندری ممالک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اِسے مستقل ترقی کیلئے بحرالکاہل کے جزیروں کی ضرورت پوری کرنے میں مدد دینے کی ایک ذمہ داری سمجھتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ آب و ہوا کی تبدیلی، قدرتی آفات، غریبی کو دور کرنا اور حفظان صحت مشترکہ چیلنجز ہیں، جنہیں بھارت اور مارشل جزیروں کو مل کر دور کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کو اِس سلسلے میں بحرالکاہل کے جزیروں کا ایک شراکتدار ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔X

## REV NEPAL PM

جناب کے پی شرما اولی کو چوتھی مرتبہ نیپال کے وزیراعظم کی حیثیت سے حلف دلایا گیا ہے۔ آج راشٹر بھون کی اصل عمارت میں شیتل نواس پر صدر رام چندر Paudel نے جناب اولی کو عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔ اس کے ساتھ ساتھ 21 نئے وزیروں کو بھی عہدے اور رازداری کا حلف دلایا گیا ہے۔ جناب اولی کی قیادت والی کابینہ میں اب UML،NC ، Janta Samajwadi پارٹی اور لوک تانترک سماجوادی پارٹی کے وزراء شامل ہیں۔ نیپالی کانگریس کے پرکاش مان سنگھ اور CPN-UML کے بشنو پرساد Paudel کو نائب وزرائے اعظم کی حیثیت سے شامل کیا گیا ہے۔ نیپال کے صدر نے کل نیپال کے آئین کے آرٹیکل۔76 (2) کے مطابق جناب اولی کو وزیراعظم مقرر کیا تھا۔ X

## PM 100 MILLION

وزیر اعظم نریندر مودی کے سوشل میڈیا اکاؤنٹ ایکس پر Followers کی تعداد دس کروڑ سے زیادہ ہونا ایک اہم سنگ میل مانا جارہا ہے۔ اِس قابل ذکر تعداد میں پچھلے تین سال کے دوران فالوورز کی تعداد میں تقریباً تین کروڑ کا اضافہ بھی شامل ہے۔ اب جناب مودی کو یہ امتیاز حاصل ہوگیا ہے کہ وہ ایکس پر، اپنے عہدے پر رہتے ہوئے ایسے رہنما بن گئے ہیں جن کے Followers کی تعداد دنیا میں سب سے زیادہ ہے۔وزیراعظم مودی دیگر عالمی رہنماؤں سے بہت آگے ہوگئے ہیں جن میں امریکی صدر جوبائیڈن بھی شامل ہیں، جن کے تین کروڑ 81 لاکھ Followers ہیں۔اِس حصولیابی کے بعد وزیراعظم مودی نے اِس پلیٹ فارم پر سرگرم رہنے پر خوشی کا اظہار کیا ہے، جس پر مذاکرات،مباحثے تفصیلی بات چیت، عوام کی دعائیں، تعمیری تنقید وغیرہ کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ وزیراعظم

نے کہا کہ وہ مستقبل میں بھی اس پلیٹ فارم پر سرگرم رہنے کے متمنی ہیں۔ X

DIGITAL PAYMENT

اُمید ہے کہ بھارت کی خُردہ ڈیجیٹل ادائیگی، 2030 تک دوگنا ہوکر، سات ٹریلین ڈالر ہوجائے گی۔ یہ بات Kerney اور Amazon Pay کی طرف سے کئے گئے ایک مشترکہ جائزے میں کہی گئی ہے۔ خُردہ لین دین کیلئے بھارت کی ڈیجیٹل ادائیگی، مالی سال 24-2023 کے دوران بڑھ کر تین اعشاریہ چھ ٹریلین ڈالر تک پہنچ گئی، جبکہ مالی سال 18-2017 میں یہ تین سو ارب ڈالرتھی۔ملک میں UPI لین دین کا سلسلہ 11 اپریل 2016 کو شروع ہوا تھا۔ مالی سال 2018 سے لے کر 2024 تک UPI ادائیگی کی سطح میں ڈیجیٹل لین دین میں 138 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ سال 2022میں بھارت کی ای-کامرس مارکیٹ 75 ارب ڈالر سے لے کر 80 ارب ڈالر کے درمیان تھی اور 2030 تک اِس میں 21 فیصد اضافہ ہونے کی امید ہے۔

IMD RAIN

بھارتی موسمیات محکمے نے آج اتراکھنڈ، مشرقی اترپردیش اور مشرقی راجستھان میں کہیں کہیں شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے ہریانہ، اترپردیش اور دلی کے کچھ علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش کی بھی پیش گوئی کی ہے۔ دلی میں آج صبح بارش ہوئی جس سے گرمی اور نمی سے کچھ راحت ملی۔ قومی راجدھانی میں آج مطلع ابرآلود رہنے کا امکان ہے۔ X

Foreign Secretary

جناب وکرم مسری نے آج خارجہ سکریٹری کی حیثیت سے ذمہ داری سنبھال لی ہے۔ وہ ونئے موہن کواترا کی جگہ آئے ہیں، جن کے عہدے کی مدت کل ختم ہوگئی۔ جناب وکرم مسری 1989 بیچ کے IFS افسر ہیں۔ اِس سے پہلے وہ قومی سلامتی کونسل کے سکریٹریٹ میں نائب قومی سلامتی مشیر کے عہدے پر فائز تھے۔ وہ چین، میانما اور اسپین میں بھارتی سفیر رہ چکے ہیں۔ جناب وکرم مسری کے تعلق سے ایک خاص بات یہ ہے کہ وہ 3 وزراء اعظم کے پرائیویٹ سکریٹری رہ چکے ہیں۔ اِن میں 1997 میں اندر کمار گجرال، 2012 میں منموہن سنگھ اور 2014 میں نریندر مودی شامل ہیں۔

FPIs

غیرملکی سرمایہ کاروں نے جولائی کے پہلے دو ہفتوں میں بھارتی سرمایہ بازار میں تقریباً 24 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی ہے۔ اعداد وشمار کے مطابق غیرملکی Portfolio سرمایہ کاروں نے Equities میں 15ہزار 352 کروڑ روپے کا سرمایہ لگایا، جبکہ قرضہ مارکیٹ میں 8 ہزار 484 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی۔ اِس طرح اِس مہینے کی 12 تاریخ تک بھارتی سرمایہ منڈی میں 23 ہزار 836 کروڑ روپے کا سرمایہ لگایا گیا۔اِس سے قبل جون کے مہینے میں Equities میں 26ہزار 565 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی گئی تھی۔ مجموعی طور پر غیرملکی Portfolio سرمایہ کاروں نے اِس سال اب تک قرضہ مارکیٹ میں 77ہزار 109 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی ہے، جبکہ Equity بازار میں 15 ہزار 352 کروڑ روپے کا سرمایہ لگایا ہے۔

## GUJRA ACCIDENT

گجرات میں آج صبح آنند کے نزدیک احمدآباد۔وڈودرہ ایکسپریس وے پر ایک سڑک حادثے میں کم از کم چھ افراد ہلاک اور چھ سے زیادہ دیگر زخمی ہوگئے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب ایک ٹرک احمدآباد وڈودرہ ایکسپریس وے پر Chikhora گاؤں کے نزدیک ایک کھڑی ہوئی بس سے ٹکرا گیا۔ یہ بس ٹائر پھٹنے کے بعد سڑک کے کنارے کھڑی ہوئی تھی۔ آنند کی پولیس کے مطابق بس کے ڈرائیور سمیت پانچ افراد موقع پر ہی ہلاک ہوگئے جبکہ ایک شخص زخموں کی تاب نہ لاکر چل بسا۔ زخمی افراد کا نزدیک کے اسپتال میں علاج چل رہا ہے۔ X

## amarnath yatra

امرناتھ گپھا کے درشن کرنے کے لیے چار ہزار 875 یاتریوں کا ایک اور جتھا جموں میں بھگوتی نگر یاتری نواس پڑاؤ سے کشمیر وادی کے لیے روانہ ہوا۔ یاتریوں کا یہ جتھا آج صبح سویرے 162 گاڑیوں کے ایک قافلے میں بنیادی کیمپ سے روانہ ہوا۔ اس جتھے میں تین ہزار 464 مرد، ایک ہزار 333 خواتین، 14 بچے،57 سادھو اور 7 سادھویاں بھی شامل ہیں۔ ان میں سے ایک ہزار 918 یاتری بالتل بنیادی کیمپ کیلئے جبکہ دو ہزار 957 پہلگام بنیادی کیمپ کیلئے صبح سویرے روانہ ہوئے جہاں سے وہ پوتر گپھا کے لئے اپنا آگے کا سفرکریں گے۔X

## TRUMP ATTACK

امریکی صدر جوبائیڈن اور ان کے ریپبلکن حریف ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی شہریوں سے سیاسی اختلافات بالائے طاق رکھ کر متحد ہونے کو کہا ہے۔ جناب ٹرمپ جو پنسلوینیا میں قتل کی کوشش میں بال بال بچے ہیں، انہوں نے کہاکہ

ریپبلکن نیشنل کنوینشن میں ان کی آئندہ تقریر صدر بائیڈن کو تنقید کا نشانہ بنانے کے بجائے قومی اتحاد پر مرکوز ہوگی۔ امریکی سکریٹ سروس نے اُس بندوق بردار کو فوراً ہلاک کردیا جس نے ایک چناؤ ریلی کے دوران جناب ٹرمپ پر فائرنگ کی تھی۔ جناب ٹرمپ جمعرات کو ریپبلکن پارٹی کے قومی کنوینشن میں خطاب کریں گے۔ X

## COPA AMERICA

فٹبال میں ارجنٹینا نے لگاتار دوسری بار Copa America چمپئن شپ جیت لی ہے۔ ارجنٹینا نے آج صبح سویرے Miami کے ہارڈ راک اسٹیڈیم میں کولمبیا کو ایک-صفر سے ہرادیا۔ میچ کا واحد گول اضافی وقت کے اواخر میں کیا گیا۔ ارجنٹینا نے یہ ٹورنامنٹ 16ویں مرتبہ جیتا ہے، جو کہ ایک ریکارڈ ہے۔ ٹورنامنٹ میں سب سے زیادہ گول کرنے پر Golden Boot ایوارڈ Lautaro Martinez کو دیا گیا۔ انہوں نے مجموعی طور پر 5 گول کئے۔اسٹیڈیم میں شائقین کے ہنگامے کی وجہ سے میچ ایک گھنٹے تاخیر سے شروع ہوا۔ اِس کامیابی کے ساتھ ہی ارجنٹینا نے فروری 2022 سے چلا آرہا کولمبیا کا جیت کا سلسلہ بھی روک دیا ہے۔ اُس وقت ارجنٹینا سے ہارنے کے بعد سے کولمبیا 28 میچ جیت چکا تھا۔

## EURO CUP FINAL

فٹبال میں اسپین نے برلن میں انگلینڈ کو دو کے مقابلے ایک گول سے ہراکر ریکارڈ چوتھی مرتبہ یورو کپ 2024 کا خطاب جیت لیا ہے۔ Nico Williams نے دوسرے ہاف میں دو منٹ سے بھی کم وقت میں اسپین کی طرف سے پہلا گول کیا۔ اسپین کی ٹیم پورے مقابلے میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کررہی تھی لیکن انگلینڈ کی طرف سے Cole Palmer نے 73ویں منٹ میں گول کرکے اسکور ایک-ایک سے برابر کردیا۔ اس کے بعد 86ویں منٹ میں Mike Oyarzabal کے گول کی مدد سے اسپین نے خطاب اپنے نام کرلیا۔یورو کپ 2020 کے فائنل میں اٹلی سے شکست کے بعد انگلینڈ کی یہ لگاتار دوسری ہار ہے۔ X

☆☆☆☆☆☆☆☆☆